سوال

جو کبھی نماز پڑھتا اور کبھی چھوڑ دیتا ہے 'کیا وہ بھی کافر ہے؟ کیا اس کی مسلمان بیوی اس کے لئے حلال ہے؟ کیا اسے زکواۃ دی جاسکتی ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی دو یا تین فرض نمازیں پڑھتا اور پھر چار پانچ دن تک نماز چھوڑ دیتا ہے۔ اور یہی اس کا معمول ہے اور محض کاہلی سستی اور عدم اہتمام کے سوا اس کے پاس کوئی عذر بھی نہیں تو کیا اسے کافر قرار دیا جائے گا؟ کیا اس کی بیوی اس کے نکاح میں رہ سکتی ہے؟ کیا تارک نماز کو زکواۃ دی جاسکتی ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جو شخص ہمیشہ کے لئے نماز ترک کردے یا محض سستی وکوتاہی اور عدم اہتمام کی وجہ سے چند دنوں کے لئے نماز ترک کردے تو وہ کافر ہے اور دائرہ اسلام سے خارج ہے۔ والعیاذ باللہ! اس سے توبہ کا مطالبہ کیا جائے گا۔ اگر یہ توبہ کرلے اور نماز پنجگانہ کو بروقت ادا کرلے تو الحمد للہ ورنہ اس کے مرتد ہونے کی وجہ سے اسے قتل کردیا جائے گا۔ اور جب یہ ترک نماز کی وجہ سے کافر ہوگیا تو اس کی بیوی بھی اس کے لئے حلال نہ رہی بلکہ اس کا ارتداد بیوی کے لئے طلاق یا فسخ عقد کا موجب ہوگا اگر بیوی کی عدت کے اندر اندر یہ توبہ کرلے تو نئے عقد کے بغیر بیوی اس کے نکاح میں آجائے گی تارک نماز کو فرض مال زکواۃ بھی نہیں دیا جاسکتا کیونکہ یہ اس کا اہل نہیں ہے۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ اسلامیہ

ج1ص485

محدث فتویٰ